Tarjihaat
Volume: 1II
Issue: I
June 2022
جنوری ۲۰۲۳
Jan 2023
آن لائن ادبی رسالہ
ترجیحات
ISSN: 2583-0082

محمد اویس مغل (بیگ راج)

معصوم گڑیا

گڑیا سے کھیلتی گڑیا سے کھیل گیا جو کوئی

نیند غفلت میں سو یا رہا مسلم جاگا نا کوئی

اُجڑ گئی گود جو ممتا کی مدد کو آیا نا کوئی

بے بسی کا عالم تھا بنا رہا تماشائی ہر کوئی

بابا بھی تڑپے بہت اور ممتا بھی خوب روئی

پکارا بہت کہ لوٹا دے نا گڑیا ہماری کوئی

قصور تھا کہ بنتِ حوا بن کر دُنیا میں وہ آئی

مہکتی کلی درندوں کے ہاتھوں ہے ہم نے گنوائی

مسلی گئی اک اور کلی چھوڑ گئی بس رسوائی

چھوڑ گئی سوال بہت مگر کرے گا کون بھرپائی

مسلم ہیں، مُلا ہیں، انسان بھی ہے کوئی

جو سوئے ہوئے حکمراں کو کرے بیدار کوئی

گہما گہمی میں بھی یہ کیسی اُداسی چھائی

جب مشرق پر جھلک مـــــغرب کی نظر آئی

گڑیا سے کھیلتی گڑیا سے کھیل گیا جو کوئی

نیند غفلت میں سو یا رہا مسلم جاگا نا کوئی